سوال

(38) نمازباجماعت کس چیز سے حاصل ہوتی ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نمازی ، نمازباجماعت کے آخری تشہد میں ملے تو کیا اسے نمازا سے نمازباجماعت کا اجملے گا یا نہیں ؟ ابراہیم ۔ س ۔ منطقہ الجنوب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر نمازی ایک رکعت پالے تواسے نمازباجماعت کا ثواب ملے گا ۔ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ :

((مَنْ أدرک رَکعَةً فی الصَّلَاة فقَدْ أدْرَک الصَّلَاۃَ ۔))

''جس نے نماز کی ایک رکعت پالی، گویا اس نے پوری نماز پالی ۔ ''

لیکن جب کوئی کسی عذر کی وجہ سے پیچھے رہ جائے جیسے مرض وغیرہ تو اسے پورین نماز کا ثواب ملے گا ۔ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ :

((إذَا مرِضَ الرَّجُلُ أو سافَرَ کَتَبَ اللّٰہ لہ ما کَانَ یَعمَلُ! وھُو صَحِیحٌ مُقیمٌ ۔))

''جب کوئی شخص بیمار ہوجائے یا سفر اختیار کرے تو اللہ اس کا اتنا ہی عمل لکھ دیتا ہے جتنا وہ مقیم رہ کر تندرستی کی حالت میں کرتا تھا ۔ ''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلداول - صفحہ 63